فوری ریلیز کے لیے: 22/2/2023 گورنر ***KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL نے NY فارورڈ پروگرام کے پہلے راؤنڈ کے سدرن ٹیئر کے فاتحین کے طور پر مونٹؤر فالز اور ویورلی کا اعلان کیا ہے***

***مونٹؤر اور ویورلی گاؤں میں سے ہر ایک کو 4.5$ ملین کی وصول ہوں گے***

***نیو یارک کے چھوٹے اور دیہی علاقوں کے لیے مزید منصفانہ ڈاؤن ٹاؤن بحالی میں معاونت دینے کے لیے 100$ ملین کا نیا NY فارورڈ پروگرام کامیاب ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کی رفتار کو بڑھاتا ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ NY فارورڈ پروگرام کے پہلے راؤنڈ کے سدرن ٹیئر کے علاقے کے فاتحین کے طور پر مونٹؤر فالز اور ویورلی میں سے ہر ایک کو 4.5$ ملین کی فنڈنگ ملے گی۔ ریاست کے کامیاب ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام کی پیشرفت کی تقلید کرتے ہوئے 100$ ملین NY فارورڈ پروگرام نیویارک کی چھوٹی اور دیہی کمیونٹیز کے لیے مزید منصفانہ ڈاؤن ٹاؤن بحالی کی معاونت کے لیے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کی طرح "منصوبہ-بنائیں-پھر-عملدرآمد کریں" والی حکمت عملی اپنا رہا ہے۔ NY فارورڈ راؤنڈ ون کے ایک حصے کے طور پر، ریاست کے دس اقتصادی ترقی والے خطوں میں سے ہر ایک میں چھوٹی کمیونٹیز کو دو سے تین ایوارڈز دیئے جائیں گے تاکہ ان کے ڈاؤن ٹاؤنز کے لیے ترقی اور بحالی کے منصوبے پر عمل درآمد میں معاونت کی جائے۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "مونٹؤر فالز اور ویورلی کچھ بہترین چیزوں کی نمائندگی کرتے ہیں جو ریاست نیو یارک پیش کرتی ہے: قدرتی حُسن، ایک پُررونق کاروباری علاقہ، فروغ پذیر زراعت، اور ثقافتی اعتبار سے بھرپور تاریخی مقامات۔ "NY فارورڈ کی بدولت، یہ علاقے ان اثاثوں اور ریاستی فنڈنگ کا فائدہ اٹھانے کے قابل ہو جائیں گے تاکہ وہ اپنے اندرون شہر کے علاقوں کو نئی زندگی دے سکیں، مزید ملازمین اور کاروباروں کا خیرمقدم کریں، اور اپنی مرکزی سڑکوں کو علاقائی منزلوں میں تبدیل کر سکیں۔ میری انتظامیہ ان جیسی مقامی معیشتوں میں سرمایہ کاری کے لیے پُرعزم ہے تاکہ رہائشیوں کو روزگار، اوزار اور ترقی کے لیے درکار بنیادی ڈھانچہ فراہم کیا جا سکے"۔

[NY فارورڈ](#) ریاست کی معاشی ترقیاتی کاموں کی کوششوں کا ایک کلیدی جزو ہے جو نیو یارک کے ڈاؤن ٹاؤنز کے احیائے نو کو مزید تیز کرنے کے لیے DRI کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے۔ NY فارورڈ کا ایک تاریخی کردار ہے کہ وہ چھوٹے علاقوں کی خدمت کرکے انہیں ایسے بڑے، زیادہ شہری مرکزی کاروباری اضلاع سے ممتاز کرتا ہے جنہیں عموماً DRI کے ذریعے مالی اعانت ملتی ہے۔ NY فارورڈ والے علاقے راہگیری قابلیت رسائی کے حامل، کم گنجان علاقے ہیں جو فوری طور پر مقامی اہلِ علاقہ کی خدمت کرتے ہیں، اور فطری لحاظ سے زیادہ مقامی ہیں، فوری طور پر گردونواح کے رہائشی یا دیہی زرعی مرکوز ترقیاتی کاموں پر توجہ مرکوز کرتے ہیں۔

DRI کی طرح، ہر NY فارورڈ کمیونٹی ایک تزویراتی سرمایہ کاری کا منصوبہ تیار کرے گی تاکہ آسانی سے قابلِ عمل منصوبوں کی ایک سلیٹ کے ذریعے اپنے ڈاؤن ٹاؤن کو دوبارہ زندہ کیا جا سکے۔ ڈپارٹمنٹ آف سٹیٹ ایسی چھوٹی کمیونٹیز کی بہتر مدد کے لیے تکنیکی معاونت فراہم کرے گا جن کے پاس NY فارورڈ پروگرام کے جزو کے طور پر استعداد کم ہو اور انہیں منصوبوں کے لئے کمیونٹی کے حجم کے مطابق فنڈنگ کی جائے گی۔ ان پروجیکٹس میں عمارات کی تزئین و آرائش اور تعمیرِ نو، نئے یا مزید بہتر عوامی مقامت کی تعمیرِ نو یا تخلیق، اور ایسے دیگر

پروجیکٹس شامل ہو سکتے ہیں جو مخصوص ثقافتی، تاریخی خصوصیات کو اجاگر کرتے ہوں اور چھوٹے قصبوں کی کشش میں مزید اضافہ کرتے ہوں۔

**مونٹور فالز**

مونٹور فالز ایک پائیدار مستقبل کے عزم کے ساتھ قدرتی، ثقافتی اور تفریحی اثاثوں کے حقیقی طور پر قابلِ ذکر اجتماع کی مثال دیتا ہے۔ مونٹور فالز کا اندرون شہر کا علاقہ خطے کے سب سے مشہور اور متاثر کن آبشاروں میں سے ایک - شیکواگا فالز - کو ریستورانوں، شراب خانوں، بوتیکوں اور تاریخی طور پر اہم عمارتوں اور مقامات کی ایک راہداری سے جوڑتا ہے۔ گاؤں چھوٹے پارکوں سے بھرا ہوا ہے جو اجتماعی مقامات اور اجتماعی تقریبات کے لیے جگہ کا کام کرتے ہیں، اور یہ علاقے کی قدرتی خوبصورتی سے لطف اندوز ہونے کے منفرد مواقع فراہم کرتا ہے، جیسے کیتھرین ویلی ٹریل اور کوئین کیتھرین مارش ٹریلز۔ مونٹور فالز کی کسانوں کی منڈی، جو بنیادی طور پر فائر مینز فیلڈ میں واقع ہے، مقامی طور پر دستیاب تازہ ترین خوراک فراہم کرتی ہے، اور شہر کے مرکز کے قریب متعدد وائنریز میں ہفتہ وار عوامی مصنوعات منڈیاں لگتی ہیں، جو رہائشیوں کے لیے خاص کھانے کی پیشکش کرتی ہیں۔ بنیادی ڈھانچے، پائیداری اور ملازمتوں کی ترقی میں اہم سرمایہ کاری شہر اور آس پاس کے علاقے میں کی گئی ہے، اور گاؤں شوئلر کاؤنٹی کے رہائشیوں اور آنے والوں کے لیے تیزی سے ایک مقبول مقام بنتا جا رہا ہے۔ مونٹور فالز گاؤں اپنی تاریخی توجہ، کاروباری جذبے، دوستانہ اور چلنے کے قابل ماحول اور نیو یارک سٹیٹ فائر اکیڈمی جیسے بڑے علاقائی آجروں کی قربت کے ساتھ ساتھ پائیداری اور ماحولیاتی بیداری کی بڑھتی ہوئی ثقافت سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتا ہے تاکہ ایک متحرک مرکز بنایا جا سکے جو اس کے "مین سٹریٹ" کردار کو زیادہ سے زیادہ کرے ہے اور سال بھر کی اختراعی اور خوشحال معیشت کو برقرار رکھنے کے لیے ترقی پسند علاقے کی ترقی کے لیے معیارِ زندگی، لچک اور معاشی مواقع کو بہتر بنائے۔ گاؤں آلودگی سے پاک عمارت کے اصولوں کو شامل کرنے کے لیے نئی تعمیرات کی حوصلہ افزائی کرکے، تاریخی اعتبار سے اہم عمارتوں کو محفوظ اور بحال کرکے اور چھوٹے، مقامی طور پر ملکیت والے کاروباروں کی ترقی کی حوصلہ افزائی کرکے اور شہر کے مرکز میں دستیاب رہائشی اختیارات کی تعداد میں اضافہ کرکے اپنے نصب العین کو پورا کرے گا۔

**ویورلی**

چیمنگ اور سسکینا دریاؤں کے سنگم پر واقع، ویورلی گاؤں نے امریکہ کے ایک چھوٹے سے قصبے کے طرزِ زندگی کو اپنایا ہے جو اس کے مکینوں کو قدرتی خوبصورتی، منظم سماجی مقامات، دلچسپ تاریخ اور ممتاز فنِ تعمیر کے ماحول میں ایک پُرامن، لیکن فعال، طرزِ زندگی سے لطف اندوز ہونے کے قابل بناتا ہے۔ ویورلی کے مرکزی علاقے میں آزادانہ ملکیتی بوتیک دکانیں، مختلف قسم کے ریستوران اور کھانا پیش کرنے کے کاروبار کا ایک بہت بڑا مرکب ہے، اور سردیوں میں اس کی ٹنسل اینڈ لائٹس سے لے کر اس کے آؤٹ ڈور سمر کنسرٹ سیریز تک، سال بھر سماجی تقاریب کی میزبانی کرتا ہے۔ ویورلی تاریخی سوسائٹی اور سسکینا ریور آثارِ قدیمہ مرکز مکینوں اور مہمانوں کو گاؤں اور علاقے کے بارے میں مزید جاننے کا یکساں موقع فراہم کرتے ہیں، اور اس کا قدرتی منظر سائیکل سواری اور ماہی گیری سے لے کر بائیک چلانے اور پیدل سفر تک بیرونی تفریحی مواقع کے بے شمار مواقع فراہم کرتا ہے۔ ویورلی کے NY فارورڈ علاقے کا گاؤں اس کے اندرون شہر مرکزی کاروباری ضلع کو گھیرے ہوئے ہے، جو ایک بڑی حد تک برقرار، تاریخی شہر ہے جو بنیادی طور پر منسلک، کثیر منزلہ، مخلوط استعمال کی عمارتوں پر مشتمل ہے۔ ویورلی گاؤں اپنی دوستانہ، مصروف اہلِ علاقہ، مضبوط قیادت، معیاری مقامی کاروباروں کی کثرت، اپنے اعلیٰ درجے کے تعلیمی نظام اور تفریحی جواہرات جیسے کہ ویورلی گلین پارک، اور ٹو ریورز سٹیٹ پارک سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتا ہے، تاکہ امریکہ کے ایک چھوٹے سے شہر کی رونق کا مظہر ہو۔ ویورلی جگہ کے مضبوط احساس کے ساتھ ایک زیادہ پُرکشش شہر بنانے کے اپنے نصب العین کو حاصل کرے گا جو مختلف قسم کے نئے کاروباروں کو راغب کرتا ہے، مقامی ٹیکس کی بنیاد کو بڑھاتا ہے، رہائش اور ملازمت کے متنوع مواقع فراہم کرتا ہے اور متروک اور کم استعمال شدہ عمارتوں کو تبدیل کرکے ریاست کے ڈیکاربنائزیشن کے اہداف میں معاونت کرتا ہے، رہائش اور نگہداشتِ صحت کے مزید مواقع پیدا کرتا اور آلودگی سے پاک عوامی سہولیات میں سرمایہ کاری کرتا ہے۔

**سیکریٹری آف سٹیٹ Robert J. Rodriguez نے کہا،** "چھوٹے اور دیہی علاقے سدرن ٹیئر کا دل اور روح ہیں، اور ہمارا جدید NY فارورڈ پروگرام ان اہم شعبوں میں براہِ راست سرمایہ کاری پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ NY فارورڈ ایوارڈ وصول کنندگان کے طور پر، مونٹور فالز اور ویورلی ہماری ریاست کے عروج پر ہوتے ہوئے شہر کی بحالی

کا حصہ ہوں گے اور اپنے اندرونِ شہر کے علاقوں کو اہم مقامات میں تبدیل کرنے کے لیے علاقائی منصوبہ بنائیں گے جو ان کی منفرد خصوصیات کو ظاہر کرے۔ دونوں علاقوں کو نوازے جانے پر مبارکباد"۔

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "ریاست نیو یارک میں چھوٹے، دیہی علاقوں کا احیائے نو کرنے کے لیے NY فارورڈ اقدام توجہ مرکوز کرنے والا ایک طریقہ ہے۔ اس ہدف شدہ فنڈنگ کے ساتھ، مونٹور فالز اور ویورلی کے گاؤں، اپنی متحرک اور اقتصادی ترقی کو تیز تر کرنے کے لیے بنائے گئے منصوبوں کے ذریعے، اپنے ڈاؤن ٹاؤنز کے لیے روشن مستقبل کا نقشہ بنانے اور ان کا تصور کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔"

**گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا،** "گورنر کے 100$ ملین کے NY فارورڈ پروگرام سے 4.5$ ملین کے ایوارڈز مونٹور فالز اور ویورلی کو سوچ سمجھ کر تیار کیے گئے ہیں، مستقبل کے حوالے سے تزویراتی منصوبوں کے مطابق ترقی کرنے میں مدد کریں گے جو ان کی موجودہ معاشی طاقتوں، قدرتی حسن اور تاریخ کو بڑھائیں گے جو دونوں گاؤں کو منفرد بنانے میں مدد کرتی ہے"۔

**ریاستی سینیٹر Tom O'Mara نے کہا،** "یہ مونٹور فالز اور ویورلی کے علاقوں اور ہمارے پورے خطے کے لیے بہت اچھی خبر ہے، کہ یہ NY فارورڈ سرمایہ کاری مقامی رہنماؤں کو بحالی کے اہم منصوبے انجام دینے کے قابل بنائے گی۔ یہ ہمارے چھوٹے اور دیہی علاقوں کے مستقبل کے معیار اور طاقت کے لیے ایک اہم اور فرق پیدا کرنے والی پہل کاری ہے۔ ہم ان منصوبوں کی جاری منصوبہ بندی، ترقی اور عمل آوری کے منتظر رہیں گے جو یقینی طور پر ان بقایا دیہاتوں کے معاشی، ثقافتی اور سماجی تانے بانے میں اضافہ کریں گے"۔

**رکنِ اسمبلی Christopher S. Friend نے کہا،** "ویورلی اور مونٹور فالز کو NY فارورڈ پروگرام کی فنڈنگ کے وصول کنندگان کے طور پر مبارکباد پیش کرتے ہیں تاکہ ان کے پہلے سے پُرکشش اور متحرک علاقوں کو بہتر بنانے کے لیے کچھ اضافی منصوبہ بند خصوصیات کو فعال کیا جا سکے"۔

**رکنِ اسمبلی Phil Palmesano نے کہا،** "یہ مونٹور فالز گاؤں اور آس پاس کے علاقے کے لیے ایک شاندار خبر ہے۔ فنگر لیکس خطے کے مرکز میں واقع گاؤں، مجموعی مقامی بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے اور اپ گریڈ کرنے، معاشی ملازمت کے مواقع بڑھانے، اور ماحولیاتی لحاظ سے بہترین انتظامی طریقوں کو کامیابی سے نافذ کرنے کے لیے بہت محنت کر رہا ہے۔ یہ NY فارورڈ ایوارڈ انتہائی ضروری فنڈنگ فراہم کرے گا جو ان کی مسلسل تبدیلی کے لیے اہم ہے اور مکمل ہونے پر، یہاں کے رہائشی اور سیاح اس بھرپور گہری ثقافتی تاریخ کا تجربہ کرنے اور لطف اندوز ہونے کے قابل ہو جائیں گے جو مونٹور فالز گاؤں پیش کرتا ہے۔ ریاست، علاقائی اور مقامی شراکت داری اور تعاون کا شکریہ جس نے ایسا کرنے میں مدد کی"۔

**سدرن ٹیئر علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل کی شریک چیئر Judy McKinney Cherry ، شوئلر کاؤنٹی شراکت داری برائے اقتصادی ترقی ( Schuyler County Partnership for Economic Development, SCOPED) کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور بروم کمیونٹی کالج کے صدر Kevin Drumm نے کہا،** "مونٹور فالز اور ویورلی حقیقی معنوں میں ان تمام چیزوں کی نمائندگی کرتے ہیں جو سدرن ٹیئر خطے کے چھوٹے علاقوں اور وہ سب کچھ جو وہ پیش کرتے ہیں، کے بارے میں اچھی ہیں۔ آنے والی نسلوں کے لیے اقتصادی مواقع میں اضافہ کرتے ہوئے، ان خوبصورت علاقوں کے احیائے نو میں مدد کرنے کی حقیقی ضرورت کو تسلیم کرنے پر گورنر Hochul کا بہت شکریہ ادا کرتے ہیں۔"

**شوئلر کاؤنٹی قانون ساز کے چیئر Carl H. Blowers نے کہا،** "مونٹور فالز گاؤں کے لیے 4.5$ ملین کا NY فارورڈ ایوارڈ ریاست کی طرف سے ایک بہترین سرمایہ کاری ہے کیونکہ یہ مونٹور فالز اور توسیع کے لحاظ سے، شوئلر کاؤنٹی کو بدل دے گا۔ ہم چھوٹے علاقوں کے لیے یہ نیا چھوٹا- DRIپروگرام بنانے کے لیے گورنر Kathy Hochul کے شکر گزار ہیں اور گاؤں میں بحالی کے اہم منصوبوں کو مکمل کرنے میں گاؤں اور ریاست کی مدد کے منتظر ہیں۔ میں اس عمل میں اہلِ علاقہ کی شمولیت اور طلباء کی شمولیت سے خاص طور پر خوش ہوں"۔

**مونٹور فالز گاؤں کے میئر James Ryan نے کہا،** "مونٹور فالز گاؤں کی جانب سے، میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گا کہ ان کے NY فارورڈ پروگرام کا مقصد مونٹور فالز جیسے علاقوں کے لیے ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل نے ہمارے گاؤں کی ماضی کی کامیابیوں کو تسلیم کیا اور مونٹور فالز کو آگے بڑھانے کے ہمارے منصوبے کو قبول کیا۔ میں منصوبے کی ٹیم کی جانب سے دکھائی گئی پیشہ ورانہ مہارت کا اعتراف کرنا چاہتا ہوں، جو منصوبے کے اہداف کے نفاذ کو یقینی بنائے گی۔ اس سطح کی فنڈنگ مونٹور فالز کو اس کے معاشی اور سماجی بہتری کے اہداف کو پورا کرنے میں آگے بڑھانے میں مدد دے گی"۔

**ٹیوگا کاؤنٹی قانون ساز کی چیئر Martha Sauerbrey نے کہا،** "شکریہ، گورنر Hochul! ہم ویورلی گاؤں کو NY فارورڈ سے نوازے جانے پر پُرجوش اور شکر گزار ہیں۔ یہ نیا موقع ہمیں نہ صرف ویورلی گاؤں میں سرمایہ کاری کرنے بلکہ اسے دوبارہ زندہ کرنے کے قابل بنائے گا۔ یہ بہت اہم ہے کہ ہم اپنے شہروں کو زندہ، متحرک اور دوستانہ رکھیں۔ ہر وہ چیز جو آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے آبائی شہر میں ہو!"

**ویورلی گاؤں کے میئر Patrick Ayres نے کہا،** "ویورلی گاؤں کو نیو یارک فارورڈ گرانٹ دینا تبدیلی کا باعث ہے۔ یہ فنڈز مجموعی طور پر علاقے کو اپنے ترجیحی مستقبل میں، اجتماعی طور پر، ایک گروپ کے طور پر سرمایہ کاری کرنے کے قابل بنائیں گے۔ ممکنہ منصوبے، جو شاید کبھی پورے نہ ہو سکتے، ان گرانٹ کی رقوم کے استعمال سے تیار اور مکمل ہونے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ NY فارورڈ گرانٹ فنڈز علاقے کے اضافی حصہ داروں کو گرانٹ کے اثرات کو بڑھاتے ہوئے منصوبوں میں اپنا سرمایہ لگانے کی ترغیب دے سکتے ہیں۔ یہ ویورلی گاؤں کے لیے پُرجوش اوقات ہیں اور ہم NY فارورڈ گرانٹ سے نوازے جانے کو بہت زیادہ سراہتے ہیں اور ان فنڈز کے اچھے ذمہ دار بننے کا عہد کرتے ہیں"۔

سدرن ٹیئر علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل نے پورے خطے میں علاقوں کی طرف سے پیش کردہ تجاویز کا ایک مکمل اور مسابقتی جائزہ لیا تھا اور ان کمیونٹیز کو بطور نامزد پیش کرنے کی سفارش کرنے سے پہلے درج ذیل معیارات پر غور کیا تھا:

- ڈاؤن ٹاؤن کو متعین کردہ حدود کے ساتھ مستحکم ہونا چاہیے؛
- ڈاؤن ٹاؤن مضافات اور اپنے اردگرد کے علاقوں میں پہلے والی یا آئندہ آنے والی نجی اور عوامی سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے قابل ہے؛
- ڈاون ٹاؤن کے اندر، یا اس کے قریب ملازمت میں حالیہ یا آنے والی ترقی ہونی چاہیے جو کارکنوں کو شہر کی طرف راغب کر سکے، دوبارہ ترقی میں مدد دے اور ترقی کو پائیدار بنا سکے؛
- عمر، آمدنی، جنس، شناخت، قابلیت، نقل و حرکت اور ثقافتی پس منظر کی تمام متنوع آبادیوں کے لیے شہر کا مرکز ایک پُرکشش اور قابلِ رہائش علاقہ ہونا چاہیے؛
- بلدیہ کو پہلے سے ہی ایسی پالیسیوں کو اختیار کرنا چاہیے یا اس کے پاس ایسی پالیسیاں بنانے اور ان پر عمل درآمد کرنے کی صلاحیت ہونی چاہیے جو معیارِ زندگی اور زندگی میں اضافہ کریں؛
- بلدیہ کو چاہیئے تھا کہ کمیونٹی کی مشغولیت کا ایک کھلا اور مضبوط عمل انجام دے جس کے نتیجے میں شہر کے مرکز میں احیائے نو کے لیے ایک تصور اور منصوبوں اور اقدامات کی ابتدائی فہرست تیار ہو سکتی ہے جو حکمتِ عملی سے سرمایہ کاری کرنے کے منصوبے میں شامل کیے جا سکتی ہے؛
- بلدیہ میں تبدیلی لانے والے ایسے پروجیکٹس کی نشاندہی ہو چکی ہے جو NY فارورڈ فنڈز کی سرمایہ کاریوں کے ذریعے قریب المیعاد منصوبوں کے نفاذ کے لیے پہلے سے تیار ہوں گے؛ اور
- بلدیہ کے پاس منصوبوں کی منصوبہ بندی کے عمل اور ان پر عمل درآمد کا نظم کرنے کی مقامی صلاحیت موجود ہے، اس میں بلدیہ کے تفویض کردہ منصوبوں کے معاہدوں کی نگرانی کرنے کی صلاحیت شامل ہے۔

مونٹور فالز اور ویورلی اب اپنے ڈاؤن ٹاؤنز کو زندگی بخشنے کے لیے تزویراتی سرمایہ کاری کے منصوبے تیار کرنے کا عمل شروع کریں گے۔ بلدیاتی نمائندوں، کمیونٹی رہنماؤں اور دیگر سٹیک ہولڈرز پر مشتمل ایک مقامی منصوبہ بندی کمیٹی اس مہم کی قیادت کرے گی، جسے نجی شعبے کے ماہرین اور ریاستی منصوبہ سازوں کی ایک ٹیم کی مدد و معاونت بھی حاصل ہو گی۔ تزویراتی سرمایہ کاری کا منصوبہ مقامی اثاثوں اور مواقع کی جانچ کرے گا

تاکہ ایسے منصوبوں کی نشاندہی کی جا سکے جو ہر علاقے کے نظریے کے مطابق ہوں اور جو عمل درآمد کے لیے تیار ہوں۔ تزویراتی سرمایہ کاری کے منصوبے کی جانب سے منتخب کردہ منصوبوں کے لیے فنڈنگ عطا کی جائے گی جس کے پاس احیائے نو کے فوری آغاز اور طویل مدتی ترقی کے نئے مواقع تخلیق کرنے کی بڑی صلاحیت موجود ہے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں